**10.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ماجدعلی

**Music**

-------------------------------

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت نے ایک ایسا ملک بننے کا تہیہ کر رکھا ہے، جہاں انسانی حقوق کا نہ صرف تحفظ کیا جائے، بلکہ اُن کا احترام بھی کیا جائے۔ انہوں نے نئی دلّی میں 2025 کے انسانی حقوق کے قومی دن پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

☆ لوک سبھا میں انتخابات اصلاحات پر پھر بحث شروع ہوگئی ہے۔

☆ دیپاولی کو یونیسکو کی عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ملک نے عالمی سطح پر اِسے تسلیم کئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔

☆ امریکہ کی کمپنی Amazon نے بھارت میں 2030 تک 35 اَرب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔

☆ بیلجیم کی ایک عدالت نے مفرور میہول چوکسی کی اُس اپیل کو خارج کردیا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ بھارت کی درخواست پر اُسے نئی دلّی کے حوالے نہ کیا جائے۔

☆ اسکواش کے عالمی کپ میں چنئی میں پول-بی میں میزبان بھارت نے سوئٹزرلینڈ کو چار-صفر سے ہرادیا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev-Prez Human Rights Day**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت نے اِس بات کا تہیہ کر رکھا ہے کہ ملک کو ایسا بنایا جائے، جہاں انسانی حقوق کا نہ صرف تحفظ کیا جائے بلکہ ان کا احترام بھی کیا جائے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں 2025 کے انسانی حقوق کے دن کے موقع پر ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ انسانی حقوق کی عظمت اور وقار پر کوئی سوال نہیں اٹھایا جاسکتا اور کسی کو بھی اُس کے حقوق سے محروم نہیں کیا جانا چاہئے۔ انسانی حقوق کا یہ دن معاشرے میں مساوات، انصاف اور رواداری کو فروغ دینے کیلئے منایا جاتا ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ انصاف بھارت میں ہر شخص کا پیدائشی حق ہونا چاہئے۔

**S/B Prez Droupadi Murmu**

صدر جمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ انسانی حقوق کا عالمی سطح پر خاکہ بنانے میں بھارت نے ایک اہم کردار ادا کیا۔ محترمہ مرمو نے آئین ساز اسمبلی کی 15 خاتون ارکان میں سے ہنسا مہتا کا ذکر کیا اور کہا کہ انہوں نے انسانی حقوق کا عالمی اعلانیہ مرتب کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ سرکار کی مختلف مؤثر اسکیموں کے نتیجے میں خواتین کو اقتصادی سرگرمیوں میں شامل ہونے کا موقع ملا ہے اور اُن کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ اس طرح بھارت کی خود کفالت بھی مضبوط اور مستحکم ہوئی ہے۔

انسانی حقوق کا یہ دن 1950 سے منایا جارہا ہے، جبکہ 1948 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کا عالمی اعلانیہ منظور کیا تھا۔ یہ دن ہر سال 10 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔×

**LS - Election Reforms**

لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث پھر سے شروع ہوگئی ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس لیڈر کے سی وینوگوپال نے کہا کہ ووٹ دینے کا حق جمہوریت میں ایک بنیادی اصول ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ انتخابی کمیشن جانبدار ہوتا جارہا ہے۔ جناب وینوگوپال نے یہ بھی الزام لگایا کہ 2024 لوک سبھا انتخابات سے پہلے کانگریس پارٹی کے کھاتے اِنکم ٹیکس رِٹرنس دیر سے جمع کرنے کا حوالہ دیتے ہوئے منجمد کردیے گئے تھے۔ انہوں نے بہار میں بڑے پیمانے پر ووٹروں کے نام ہٹائے جانے کے بارے میں بھی بات کی۔ BJP کے لیڈر روی شنکر پرساد نے کہا کہ اپوزیشن جب بھی ہارتی ہے، تو وہ انتخابی عمل سوالات اُٹھاتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ SIR پر نکتہ چینی کرنے اور کانگریس کے ذریعے بہار میں بہت زیادہ ریلیاں کرنے کے باوجود اُس کو اسمبلی انتخابات میں کچھ ہی سیٹوں پر جیت حاصل ہوئی ہے۔ کانگریس کے منیش تیواری نے کل ایوانِ زیریں میں بحث کا آغاز کیا تھا۔×

**BJP - Rahul SIR**

توانائی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا ہے کہ انتخابی کمیشن سمیت تمام آئینی ادارے، وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت کے تحت مزید شفاف ہوتے جارہے ہیں۔ انتخابی کمیشن اور SIR پر راہل گاندھی کے بیان پر نکتہ چینی کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کے برخلاف پہلی مرتبہ اِن آئینی اداروں میں شفافیت قائم ہے۔

**SB - Manohar Lal**

مرکزی وزیر پرلادھ جوشی نے بھی کانگریس لیڈر پر انتخابی کمیشن کے خلاف جھوٹے الزامات لگانے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ جب کانگریس انتخابات ہارتی ہے تو وہ EVM اور ووٹنگ میں دھاندلی کے معاملے اُٹھاتی ہے۔×

**SB - Prahlad Joshi**

**VP - C Rajagopalachari**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے آج سی راج گوپالا چاری کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ راج گوپالا چاری ایک غیر معمولی ذہانت والی شخصیت، مجاہد آزادی اور ایک ایسے نظریے کے حامل تھے، جس میں بھارت کے عوام کی زندگی میں سدھار پیدا کیا۔ جناب رادھاکرشنن نے کہا کہ سی راج گوپالا چاری کی زندگی اُن سبھی کیلئے مشعل راہ ہے، جو اپنی ذہانت کے ساتھ ملک کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔×

**PM - Swahid Divas**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شہید دِوس کے موقع پر اُن بہادروں کو یاد کیا، جنھوں نے آسام تحریک میں حصہ لیا تھا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ یہ تحریک ملک کی تاریخ میں ہمیشہ اہمیت کی حامل رہے گی۔ جناب مودی نے اِس بات کو بھی دوہرایا کہ بھارت اُن لوگوں کے خوابوں کو پورا کررہا ہے، جنہوں نے آسام تحریک میں حصہ لیا تھا، خاص طور سے آسام کی ثقافت اور ریاست کی ترقی میں اضافہ کیا جارہا ہے۔×

**LS - Railway Station**

حکومت نے کہا ہے کہ اَمرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت 160 ریلوے اسٹیشنوں کا کام مکمل ہوچکا ہے۔ آج لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران، سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 1 ہزار 300 سے زیادہ اسٹیشنوں کو اِس اسکیم کے تحت تجدید کاری کیلئے چنا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ، مسافروں کیلئے ہال، پارکنگ کی جگہ اور ریلوے اسٹیشنوں تک پہنچنے کا آسان راستا جیسی تعمیرات کرکے حکومت ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کیلئے سہولیات دینے کی خاطر کام کررہی ہے۔ جناب ویشنو نے زور دے کر کہا کہ مسافروں کی حفاظت پر خاص توجہ دیتے ہوئے اِن اسٹیشنوں کی تجدید کاری کا کام کیا جارہا ہے۔×

**SB - Ashwini Vaishnaw**

**Atal Tinkering Lab**

سرکار ملک بھر کے اسکولوں میں اگلے پانچ سال کے دوران اٹل ٹینکرنگ لیب قائم کرے گی۔ اس طرح کی 50 ہزار لیب قائم کرنے کا مقصد جدت طرازی کے جذبے کو بڑھاوا دینا ہے۔ آج راجیہ سبھا میں تعلیم کے محکمے کے وزیر دھرمیندر پردھان نے ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے یہ جانکاری دی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ فی الحال اس طرح کی 10 ہزار لیب قائم کی جاچکی ہیں۔ جناب دھرمیندر پردھان نے ایوان کو مطلع کیا کہ تمام سرکاری اسکولوں میں نویں جماعت سے لے کر بارہویں جماعت تک براڈ بینڈ انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔

**Deepawli UNESCO**

بھارت میں سب سے زیادہ منایا جانے والا ثقافتی تہوار دیپاولی، اقوام متحدہ کی تعلیمی سائنسی اور ثقافتی تنظیم UNESCO کے انسانیت کے ثقافتی ورثے کی نمائندہ فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ اِس بات کا اعلان کرتے ہوئے ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ یہ ہر بھارتی کیلئے ایک جذباتی لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیپاولی نہ صرف

منایا جاتا ہے، بلکہ یہ محسوس کیا جاتا ہے اور اِس کے ساتھ رہا جاتا ہے۔ جناب شیخاوت نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ یہ پہچان صرف ایک اعزاز نہیں ہے، بلکہ یہ ایک ذمہ داری ہے کہ دیپاولی ایک زندہ ورثہ بنا رہے گا۔×

**SB - Gajendra Singh Shekhawat**

**V-P Deepavali**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھان کرشنن اور وزیرِاعظم نریندر مودی نے یونیسکو کے ایک فیصلے پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ رادھاکرشنن نے کہا کہ دیوالی کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جانا ملک کے ہر شہری کیلئے فخر کا لمحہ ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس کے تسلیم کئے جانے سے بھارت کے مالا مال ثقافتی ورثے کا اظہار ہوتا ہے اور بنی نوع انسانی کیلئے ایک پیغام ملتا ہے۔

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور دنیا بھر میں لوگ دیپاولی کو یونیسکو کی ثقافتی فہرست میں شامل کرنے سے پھولے نہیں سمارہے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ دیپاولی کا بھارت کی ثقافت اور اقدار سے گہرا تعلق ہے اور انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ملک کی تہذیب کی روح ہے۔×

**Amazon Investment**

امریکہ کی ٹیکنالوجی کی بڑی کمپنی **Amazon** نے بھارت میں **2030** تک **35** ارب ڈالرز کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایمزون کی اُبھرتی ہوئی مارکیٹ کے سینئر **VP** اَمت اگروال نے آج نئی دلّی میں ایمزون **Sambhav** سمٹ کے چھٹے ایڈیشن میں اِس کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کاری ایمزون کی بڑھوتری کے ساتھ وِکست بھارت کے نظریے سے ہم آہنگ ہے۔ انہوں نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ اِس سے ایک ملین سے زیادہ راست اور براہ راست اور موسمیاتی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔×

**India-US FOC**

کل نئی دلّی میں بھارت اور امریکہ کے امور خارجہ کے دفتروں کے درمیان صلاح ومشورہ ہوا، جس کی صدارت مشترکہ طور پر خارجہ سکریٹری وِکرم مصری اور امریکہ کے محکمہ خارجہ میں انڈر سکریٹری **Allison Hooker** نے کی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اس صلاح ومشورہ سے دونوں ملکوں کو بھارت-امریکہ جامع عالمی کلیدی شراکت داری کا جائزہ لینے کا موقع ملا ہے۔ میٹنگ میں تجارت، سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور دوسرے کئی اہم شعبوں میں تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ اس کے علاوہ باہمی اُمور، اہم معدنیات، ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبوں میں بھی غور وخوض ہوا۔×

**MEA- Italy Deputy PM**

اِٹلی کے نائب وزیرِاعظم، امور خارجہ کے وزیر اور بین الاقوامی تعاون کے محکمے کے وزیر **Antonio Tajani** آج صبح

نئی دلّی پہنچے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ وہ بھارت کے تین روزہ دورے پر آئے ہیں۔ اٹلی کے نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ بات چیت کے بعد کل ممبئی روانہ ہوجائیں گے۔×

**Mehul Choksi Extradition**

بیلجیم کی اعلیٰ عدالت نے، بھارت کے فرار ملزم میہُل چوکسی کی وہ اپیل مسترد کر دی ہے، جو اُس نے **Antwerp** میں اپنی گرفتاری کے خلاف دی تھی۔ بھارت نے میہُل کی حوالگی کی درخواست کی تھی، جس کی بنیاد پر اُسے گرفتار کیا گیا تھا۔ بیلجیم کی اپیلوں کی سماعت کرنے والی ایک عدالت نے کل برسلز میں چوکسی کی درخواست پر سماعت کی اور بھارت کے حق میں فیصلہ سنایا۔ چوکسی اِس سال اپریل سے **Antwerp** میں جیل میں بند ہے۔ اُسے بھارت کی درخواست پر گرفتار کیا گیا تھا۔ اُس پر **2018** سے **2022** کے درمیان، تقریباً **13** ہزار کروڑ روپے مالیت کے **6** بینک گھوٹالوں کا الزام ہے۔ ×

**Squash**

چینئی میں بھارت نے اسکواش عالمی کپ **2025** کے پُول-بی کے اپنے پہلے میچ میں سوئٹزرلینڈ کو چار-صفر سے ہرا دیا۔ بھارت کے قومی چیمپئن **Velavan Senthil Kumar** نے پہلے میچ میں عالمی نمبر **296** سوئٹزرلینڈ کے **Robin Gadola** کو تین-صفر سے شکست دی۔ دوسرے میچ میں اس مقابلے میں سب سے کم عمر اسکواش کھلاڑی **Anahat Singh** نے **Celine Walser** کو تین-صفر سے ہرایا۔ اس کے بعد ابھے سنگھ نے بھی **Louai Hafez** کو تین-صفر سے جبکہ جوشنا چنّپا نے **Stella Kaufmann** کو تین-ایک سے شکست دی۔ بھارت اپنے اگلے گروپ میچ میں کل برازیل سے مقابلہ کرے گا۔×

**Cambodia - Thai Conflict**

تھائی لینڈ کے ساتھ تنازعہ چوتھے روز میں داخل ہوگیا ہے اور کمبوڈیا کے دیہاتوں سے ایک لاکھ سے زیادہ افراد اپنا گھر بار چھوڑ کر محفوظ مقامات پر پہنچ گئے ہیں۔ کمبوڈیا کے دفاعی ترجمان نے یہ اطلاع دی ہے۔ کمبوڈیا کی وزارت دفاع کی ترجمان لیفٹیننٹ جنرل **Maly Socheata** نے کل بتایا کہ بے گھر ہوئے لوگوں کی کُل تعداد **1** لاکھ **1** ہزار **129** ہے، جس میں نومولود، چھوٹے بچے، حاملہ خواتین، بزرگ افراد اور معذور افراد شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تھائی لینڈ کی فوج نے اتوار کی دوپہر سے بدھ کی صبح تک کمبوڈیا کے فوجی ٹھکانوں اور عام شہریوں کے علاقوں پر حملہ کرنے کیلئے **F-16** جنگی جہازوں سمیت شدید اور تباہ کن ہتھیاروں کا استعمال کیا ہے۔ رپورٹوں میں بتایا گیا ہے کہ اِن جھڑپوں میں کمبوڈیا کے **7** عام شہری ہلاک اور دیگر **20** زخمی ہوئے ہیں۔

اِس سے قبل، دن میں سنگاپور کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے تھائی لینڈ اور کمبوڈیا سے بات چیت کے ذریعے تنازعہ حل کرنے اور امن قائم کرنے کی اپیل بھی کی۔ وزارت خارجہ کے ایک بیان میں یہ بات بتائی گئی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆